© rasailojaraid.com



# مراسلات

آج شاہ ولی اللہ اکیڈمی کے مجلہ "الولی" کا اولین شمارہ موصول ہوا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے علم وعرفان کی روشنی کو اس سرزمین میں دوبارہ جاری کیا ہے

مکرر آنکہ حضرت شاہ ولی اللہ کے نظام فکر کو پوری طرح سمجھنے کے لئے حضرت شاہ اسمٰعیل شہیدؒ کی تصنیف "عبقات" کا مطالعہ بے حد ضروری ہے مولانا مناظر احسن گیلانی مرحوم نے اس کتاب کا اردو ترجمہ ہندوستان میں چھپوایا تھا۔ یہ کتاب پاکستان میں نایاب ہیں۔ اگر ممکن ہوسکے تو یہ کتاب بمعہ عربی متن منظر عام پر لانے کی کوشش کریں۔ یہ بڑی علمی خدمت ہوگی۔

عباد اللہ فاروقی ایم اے۔ ایل۔ ایل۔ بی ایڈوکیٹ

محترم مولانا صاحب!

السلام علیکم۔ ماہنامہ "الولی" کا شمارہ اول ادارہ تحقیقات اسلامی اسلام آباد کے کتب خانے میں نظر نواز ہوا۔ راقم الحروف "الرحیم" کا قلمی معاون رہا ہے۔ الرحیم لاہور کی خاطر مرسلہ میرا ایک مقالہ البتہ گم کردیا گیا۔ اب اس خبر سے خوشی ہوئی کہ الرحیم، الولی کے نام سے چھپ رہا ہے مبارک باد۔ میں انشاءاللہ عنقریب قلمی معاونت شروع کردوں گا۔ والسلام!

محمد میاں

حضرت مخدومی!

الولی مل گیا۔ دیکھ کر خوشی ہوئی۔ انجمن ترقی اردو میں بھی پرچہ پہنچ گیا۔ تبصرہ لکھدیا ہے جون کے پرچے میں شائع ہوگا۔ مئی کا پرچہ مرتب ہوکر پریس جا چکا ہے اس لئے مئی میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شریک اشاعت نہیں ہو سکا۔

میں نے الولی کے مقصد اجرا حضرت شاہ صاحب کے علوم و افکار کی اشاعت کی ضرورت و اہمیت پر زور دیا ہے اور پرچے کو اس کے مقاصد اجرا کے پیش نظر وقت کی اہم ضرورت بتایا ہے۔ البتہ زبان و بیان کے بارے میں اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ اسے آسان اور عام فہم بنانے کی کوشش کرنی چاہیئے تاکہ حضرت شاہ صاحب کے علوم و افکار سے عوام آشنا ہو سکیں

ابو سلمان شاہجہاں پوری

مکرمی السلام علیکم! گذشتہ ماہ آپ کا شمارہ "الولی" موصول ہوا اور معلوم ہوا کہ الرحیم کا رسالہ طویل زمانے کے تعطل کے بعد اب الولی کی صورت میں نمودار ہوا ہے۔ شاہ ولی اللہ اکیڈمی کے اس خاص رسالہ کے دوبارہ اجراء پر آپ لوگوں کو مبارکباد دیتا ہوں اور متوقع ہوں کہ الولی الرحیم کے معیار اور روایات کو قائم رکھے گا۔

آپ کا مخلص۔ رشید احمد ارشد

محترمی آداب! آپ کا جاری کردہ رسالہ "الولی" اپنے ایک آشنا کے ہاتھوں میں دیکھا بہت چاہا کہ یہاں کہیں سے قیمتاً دستیاب ہو جائے لیکن محرومی و مایوسی کے سوا کچھ نہ مل سکا۔ مجبوراً آپ کی خدمت میں یہ درخواست ارسال ہے کہ از راہ کرم کراچی میں اپنا کوئی ایجنٹ مقرر فرما کر مطلع فرمایئے تاکہ مطلوبہ رسالہ حاصل کیا جا سکے نیز دوسری مطبوعات بھی مل سکیں۔ سالانہ چندہ آپکی خدمت میں بھیجنے میں کوئی عذر نہیں لیکن ڈاک کا نظام کچھ ایسا ہے کہ شاید سال میں چند ہی ماہ رسالہ مل سکے اکثر رسائل ڈاکخانوں ہی سے غائب ہو جاتے ہیں اس لئے بہتر یہی ہے کہ آپ کوئی ایجنٹ مقرر فرما دیجئے وہاں سے میں معلوم کرتا رہوں گا۔ ممکن ہے اس میں کچھ دیر لگے لیکن جو وقت بھی آپ کسی کو مقرر فرمائیں پچھلے رسالے بھی اسے مہیا کر دیں اصل میں میرے پاس آپکے الرحیم کا بھی پورا ریکارڈ موجود ہے اور الولی کا ریکارڈ بھی مجھے رکھنا ہے۔ امید ہے کہ آپ میری درخواست پر غور فرمائیں گے اور مناسب انتظام فرما دیں گے۔ عین نوازش و کرم والسلام۔

نصرت اختر

© rasailojaraid.com